# سٹی آف برامپٹن 5 جنوری 2022 کو معمولات زندگی کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے صوبے کے روڈ میپ کے ترمیم شدہ مرحلہ دو پر عارضی طور پر واپس جانے کی تیاری کر رہا ہے

برامپٹن، آن (4 جنوری 2022) – حکومت اونٹیریو کے گذشتہ روز کے اعلان کے بعد سٹی آف برامپٹن بروز بدھ، مورخہ 5 جنوری کو رات 12:01 کے بعد، معمولات زندگی کو بحفاظت طور پر دوبارہ کھولے جانے کے حوالے سے صوبے کے ترمیم شدہ روڈمیپ کے دوسرے مرحلے کے لیے تیاری کر رہا ہے۔

**صوبہ کے 5 جنوری سے مؤثر ہونے والے صحت و تحفظ کے اقدامات**

مورخہ 5 جنوری سے دوبارہ کھولے جانے کے حوالے سے صوبے کے روڈ میپ کے ترمیم شدہ دوسرے مرحلے کے تحت درج ذیل قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا:

- سماجی تقریبات میں اندرونی مقامات میں پانچ  جبکہ بیرونی مقامات پر 10 لوگ اکٹھے ہو سکتے ہیں۔
- اندرونی مقامات پر منتظم شدہ عوامی تقریبات میں پانچ لوگوں کی شرکت کی اجازت ہے۔
- کاروباری ادارے اور تنظیمیں ملازمین کے گھروں سے کام کرنے کو یقینی بنائیں، ماسوائے یہ کہ کام کی نوعیت کی وجہ سے ان کا موقع پر آنا ضروری ہو۔
- اندرونی مقامات پر شادیاں، تجہیزو تکفین اور مذہبی خدمات، رسومات اور تقریبات میں شرکت مخصوص کمرے کی 50 فیصد گنجائش تک محدود ہے۔ بیرونی خدمات میں لوگوں کی شرکت کی تعداد ان لوگوں تک محدود ہے جو وہاں پر 2 میٹر کا جسمانی فاصلہ برقرار رکھ سکتے ہوں۔ ان خدمات سے وابستہ سماجی اجتماعات کو سماجی اجتماع کی حدود کی پابندی کرنی چاہیے۔
- پرچون کے کاروباروں بشمول شاپنگ مالز میں کُل گنجائش کے 50 فیصد تک افراد کی اجازت ہے۔ لائن اپ میں جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے کی پابندی ہو گی، فضول گھومنے کی اجازت نہیں ہو گی اور فوڈ کورٹس کو بند رکھا جائے گا۔ ذاتی نگہداشت کی خدمات کو 50 فیصد گنجائش پر کام کرنے کی اجازت ہے۔ سوانا، بھاپ کے کمرے اور آکسیجن بار بند رہیں گے۔
- ریسٹورینٹس، بارز اور کھانے پینے کے دیگر اداروں میں اِن ڈور ڈائننگ بند رہے گی۔ پابندیوں کے ساتھ آؤٹ ڈور ڈائننگ، ٹیک آؤٹ، ڈرائیو تھرو اور ڈیلیوری کی اجازت ہے۔
- اِن ڈور میٹنگ اور تقریبات کی جگہیں محدود استثناء کے ساتھ بند ہو جائیں گی؛ جبکہ آؤٹ ڈور جگہیں پابندیوں کے ساتھ کھلی رہیں گی۔
- پبلک لائبریریوں کی گنجائش 50 فیصد تک محدود ہے۔
- رات 10 بجے کے بعد الکحل کی فروخت پر پابندی ہو گی اور رات 11 بجے کے بعد کاروباری مقامات یا دیگر ترتیبات میں شراب کے استعمال پر پابندی ہو گی۔ ڈیلیوری اور ٹیک آؤٹ، گروسری/کنوینئنس سٹورز اور شراب کی دیگر دکانوں کو استثنیٰ حاصل ہے۔
- اِن ڈور کنسرٹ کے مقامات، تھیٹر اور سینما گھروں کو بند کر دیا گیا ہے۔
- پابندیوں کے ساتھ ریہرسل اور ریکارڈ شدہ پرفارمنس کی اجازت ہے۔
- عجائب گھروں، گیلریوں، چڑیا گھروں، سائنس کے مراکز، اہم مقامات، تاریخی مقامات، نباتاتی باغات اور اسی طرح کے دیگر پرکشش مقامات، تفریحی پارکس اور واٹر پارکس، ٹؤر اینڈ گائیڈ سروسز اور تہوار، دیہی نمائشوں اور تہواروں پر پابندی ہو گی۔ آؤٹ ڈور اداروں کو پابندیوں اور جہاں قابل اطلاق ہو، تماشیوں کی کُل گنجائش کے 50 فیصد افراد کے ساتھ کام کرنے کی اجازت ہو گی۔
- ان ڈور کھیل اور تفریحی فٹنس بشمول جم بند رہیں گے، ماسوائے اولمپیکس اور پیرا اولمپیکس کے لیے کھلاڑیوں کی تربیت کے مقامات جو کھلے رہیں گے اور منتخب شدہ پیشہ ورانہ اور اشرافیہ کے شوقیہ کھیلوں کی لِیگز بحی کھلی رہیں گے۔ بیرونی سہولیات کو کام کرنے کی اجازت ہے لیکن تماشائیوں کی تعداد 50 فیصد سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے اور دیگر شرائط بھی لاگو ہوں گی۔

**صوبہ کی جانب سے کاروباروں کی معاونت**

صوبہ اونٹیریو بزنس کاسٹس ریبیٹ پروگرام متعارف کروا رہا ہے تاکہ ایسے کاروباروں کی مدد کی جا سکے جو اومیکرون کے خلاف صحت عامہ کے لیے اٹھائے جانے والے عوامی اقدامات سے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ اہل کاروبار جن کو بند کرنے یا گنجائش کو کم کرنے کی ضرورت ہو وہ ان اقدامات کے تحت رہنے کے دوران پراپرٹی ٹیکس اور توانائی کے اخراجات کے ایک حصے پر چھوٹ حاصل کرنے کے لیے اہل ہوں گے۔ صوبائی طور پر زیر انتظام زیادہ تر ٹیکسوں کی ادائیگی کے لیے چھ ماہ کی سود اور جرمانے سے پاک مدت کی سہولت فراہم کر کے اونٹاریو کے کاروباروں کے لیے نقد رقم کے بہاؤ کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنے کے لیے اضافی مدد بھی مہیا کی جا رہی ہے۔ کاروباروں کے لیے دستیاب معاونتوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے صوبے کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**سٹی کی سروسز، پروگرام اور سہولیات**

سٹی ہال اور کاروباری سہولت گاہیں

سٹی ہال اور کاروباری سہولت گاہیں بالمشافہ سروسز کے لیے صرف بذریعہ اپوائنٹمنٹ کھلی رہیں گی۔ بغیر اپوائنٹمنٹ جانے کی اجازت نہیں ہو گی۔ اپوائنٹمنٹ بک کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/skiptheline

برامپٹن ٹرانزٹ

برامپٹن ٹرانزٹ تا حکم ثانی سروس کی کم کردہ سطح پر کام کرنا جاری رکھے گی۔ آپریشن کے منتخب شدہ ٹرمینل اوقات کار کو بھی ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔

روٹ کے تازہ ترین شیڈول اور آپریشن کے اوقات کار کی معلومات کے لیے، صارفین کو برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر کو 905.874.2999 پر کال کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ سروس کے بارے میں باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے، ملاحظہ کریں: www.bramptontransit.com یا ہمیں ‎@bramptontransit‏ کے ذریعے ٹوئٹر پر فالو کریں۔

برامپٹن ٹرانزٹ پر سفر کے دوران، بس اور ٹرمینلز پر سخت فٹنگ کا حامل ماسک پہنیں اور سفر کے دوران کھانے یا پینے کے لیے اپنا ماسک نیچے کرنے سے گریز کریں، ماسوائے یہ کہ ایسا کرنا ایک طبی ایمرجنسی نہ ہو۔ مسافروں کو اس بات کی بھی یادہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ سفر کرتے ہوئے اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس اپنے ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں۔

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ زیادہ تر بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

اندرونی تفریحی سہولیات

بروز بدھ، 5 جنوری، 2022 سے سٹی آف برامپٹن کے تفریحی مراکز کو عارضی طور پر بند کر دیا جائے گا اور تمام اندرونی تفریحی پروگرام اور خدمات معطل کر دی جائیں گی۔

تفریحی خدمات اور سہولت گاہوں کے بارے میں معلومات www.brampton.ca/recreation سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

ڈراپ اِن پروگرامنگ: فٹنس، تیراکی، اسکیٹ اور کھیلوں کے پروگراموں کے لیے موجودہ ریزرویشن رکھنے والے کلائنٹس کو ان کے اکاؤنٹ میں خودکار طور پر کریڈٹ واپس مل جائے گا۔

رجسٹرڈ پروگرامنگ: موسم سرما کے لیے رجسٹر شدہ سیشنل پروگرام 31 جنوری 2022 کے ہفتے تک عارضی طور پر معطل رہیں گے۔ پروگرام کی اختتامی تاریخوں کو ایڈجسٹ نہیں کیا جائے گا۔ موسم سرما کے رجسٹر شدہ پروگراموں کے لیے اندراج شدہ افراد کو سیشن کی کم مدت کو پورا کرنے کے لیے ان کے کلائنٹ اکاؤنٹ پر پرو ریٹیڈ کریڈٹ ملے گا۔

سہولت گاہوں کی بکنگ: ان ڈور کھیلوں اور سہولت گاہوں کو کرایہ پر دینے کا عمل محدود استثنیٰ کے ساتھ معطل رہے گا۔ کنٹریکٹ ہولڈرز کے ساتھ 4 جنوری 2022 سے عملے کی جانب سے رابطہ کیا جائے گا، تاکہ ان کی بکنگ کو دوبارہ شیڈول یا منسوخ کیا جا سکے اور ان کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ جاری کیا جا سکے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ عملہ 5 جنوری 2022 سے شروع کرتے ہوئے، بکنگ کی تاریخ کی ترتیب کے لحاظ سے کنٹریکٹ ہولڈرز کے ساتھ رابطہ کرے گا۔

ممبرشپس: ایک ماہ کی ممبرشپ منسوخ کر دی جائیں گی اور 5 جنوری 2022 سے ان کی ادائیگیوں کو انہیں واپس کریڈٹ کر دیا جائے گا۔ ادئیگیوں کی واپسی recreationadmin@brampton.ca پر ای میل بھیج کر بھی وصول کی جا سکتی ہے۔

آؤٹ ڈور تفریحی سہولت گاہیں

آؤٹ ڈور اسکیٹنگ رنکس پہلے آئیں، پہلے پائیں کی بنیاد پر چلتے رہیں گے، جس کا انحصار موسم اور برف کی صورت حال پر ہو گا۔ وزیٹرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تشریف لانے سے پہلے آؤٹ ڈور اسکیٹنگ کی رہنماء ہدایات اور آؤٹ ڈور رنکس کی فعالیت کے بارے میں جاننے کے لیے www.brampton.ca/outdoorskating ملاحظہ کریں۔

ماؤنٹ چنگواکوسی ڈراپ ان اسکیئنگ، سنو بورڈنگ اور ٹیوبنگ کو عارضی طور پر 14 جنوری 2022 کو کھولے جانے کا پروگرام ہے، جس کا انحصار موسم کی صورت حال اور برف کے حالات پر ہو گا۔ لفٹ ٹکٹ خریدنے کے لیے سکی چیلیٹ کے وزٹ کے لیے ویکسین شدہ ہونے کا ثبوت مانگا جائے گا۔ سکی چیلیٹ پر جاتے وقت ویکسین شدہ ہونے کی حیثیت کی شرائط کے ثبوت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/mountching ملاحظہ کریں۔

دی روز اور پرفارمنگ آرٹس کی سہولت گاہیں:

برامپٹن کی تمام ایسی ان ڈور سٹی پرفارمنگ آرٹ کی سہولیات 5 جنوری 2022 سے عارضی طور پر بند کر دی جائیں گے جن میں سامعین بیٹھ کر بالمشافہ طور پر لطف اندوز ہوتے ہیں۔

تمام ٹکٹ ہولڈرز کے لیے boxoffice@brampton.ca پر ای میل کر کے کریڈٹ/چیک، اکاؤنٹ کریڈٹ یا عطیہ کے لیے مکمل ٹکٹ کی واپسی کی سہولت دستیاب ہے۔

برامپٹن انٹرپینئور سنٹر

اس مشکل وقت کے دوران کاروباروں کی اعانت کے لیے برامپٹن انٹرپینئور سنٹر کی ٹیم حاضر خدمت ہے۔ کاروباری ادارے ایک آن لائن اپوائنٹمنٹ یہاں: www.brampton.ca/skiptheline پر بک کر سکتے ہیں۔

**کووڈ-19 کی ویکسینیں**

ویکسینیں اپنی اور دوسروں کی حفاظت کا بہترین طریقہ ہیں۔ اونٹاریو کے ویکسین بکنگ سسٹم کے ذریعے یا 1.833.943.3900 پر کال کر کے اب پانچ سال یا اس سے زیادہ عمر کے کسی بھی شخص کے لیے اپوائنٹمنٹس بک کی جا سکتی ہیں۔

اپوائنٹمنٹس اب 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے بک کی جا سکتی ہیں تاکہ ان کی کووڈ-19 بوسٹر اپوائنٹمنٹ کو شیڈول کیا جا سکے، اگر ان کی آخری خوراک کے بعد کم از کم تین مہینے گزر چکے ہوں۔ ایک اپوائنٹمنٹ بک کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: https://covid-19.ontario.ca/covid-19-vaccines-ontario

کووڈ-19 کی ویکسین لگوانے کے حوالے سے تازہ ترین معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: صوبے کا ویکسین پورٹل

**ماسک**

رہائشیوں کو یاد دلایا جاتا ہے کہ سٹی نے برامپٹن میں کووڈ-19 کے لازمی فیس ماسک کے اپنے ضمنی قانون میں یکم اپریل 2022 تک

توسیع کردی ہے۔

مینڈیٹری فیس کورنگز بائی لاء کے مطابق، برامپٹن میں موجود تمام اندرونی عوامی مقامات کے اندر نان میڈیکل ماسک کا استعمال لازمی ہے۔ اب، اسکارف، مفلر، گلوبند یا گردن گرم رکھنے والی اشیاء اور سانس لینے کے لیے والوز کے حامل ماسک کو فیس کوورنگز کے طور پر قبول نہیں کیا جائے گا اس کے علاوہ، ترمیم شدہ ضمنی قانون کے مطابق ماسک صرف اسی صورت میں اتارے جا سکتے ہیں جب کوئی شخص کھانے پینے کے لیے مختص شدہ کسی مخصوص جگہ پر بیٹھ کر کھانا پینا چاہتا ہو۔

جسمانی فاصلہ بندی، حفظان صحت کے اصولوں پر عمل درآمد اور ماسک پہننے کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرنے پر سٹی اپنے رہائشیوں کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
پرابجوت کینتھ
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Prabhjot.Kainth@brampton.ca